Directorate of Education, GNCT Delhi-54

Mid Term Practice Question Paper

Session: 2026-27

Class-IX

Sub: Urdu- R2

Time: 3:00 Hrs M.M.80

حصّہ (ا) عبارت فہمی اور شعر فہمی

سوال 1۔ درج ذیل غیر درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس پر مبنی سوالوں کے جواب لکھیے۔ 5x1=5

کسی زمانے میں ہمارے ملک میں بہت جنگل تھے، مگر آبادی کے بڑھنے، شہروں کے آباد ہونے، کھیتی باڑی اور کارخانوں میں اضافے کی وجہ سے جنگل کٹتے جا رہے ہیں۔ جنگلوں کی وجہ سے آب و ہوا اچھی رہتی ہے۔ ہوا میں آکسیجن کی کمی نہیں رہتی۔ بارش خوب ہوتی ہے۔ باڑھ کی تیزی کم ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ جنگلوں میں طرح طرح کی جڑی بوٹیاں، عمارتی لکڑی، کوئلہ، لاکھ، ربر، کاغذ بنانے کی لکڑی، تارپین کا تیل اور اسی طرح کی بے شمار چیزیں حاصل ہوتی ہیں، یہ وہ چیزیں ہیں جن کے بغیر ہماری زندگی مکمل نہیں ہوتی۔ غرض جنگل ہماری زندگی کے لیے بہت ضروری ہیں۔

(i) کارخانوں میں اضافے کی وجہ سے کیا کٹتے جا رہے ہیں؟

a۔ ندی b۔ سڑک

c۔ جنگل d۔ جانور

(ii) کس کی وجہ سے آب و ہوا اچھی رہتی ہے ؟

a۔ آبادیوں کی b۔ صحراؤں کی

c۔ کارخانوں کی d۔ جنگلوں کی

(iii) 'مکمل' کا متضاد کیا ہوگا؟

a۔ غیر مکمل b۔ نامکمل

c۔ ادھورا d۔ پورا

(iv) کس کی وجہ سے ہوا میں آکسیجن کی کمی نہیں رہتی ؟ ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(v) جنگلوں سے کون کون سی چیزیں حاصل ہوتی ہیں ؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

سوال 2۔ درج ذیل غیر درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس پر مبنی سوالوں کے جواب لکھیے۔ 5x1=5

آیا ہے بہار کا زمانہ — کلیوں کے نکھار کا زمانہ

کلیاں کیا کیا چٹک رہی ہیں — ساری روشیں مہک رہی ہیں

ہلکی ہلکی یہ ان کی خوش بو — پھیلی ہوئی ہے چمن میں ہر سو

چڑیاں گاتی ہیں گیت پیارے　　　سنتے ہیں چمن میں پھول سارے

شاخوں کا بنا لیا ہے جھولا　　　پھولوں سے لدا ہوا ہے جھولا

(i) کلیوں کے نکھار کا زمانہ کس موسم میں آتا ہے ؟

a۔ برسات　　b۔ بہار

c۔ گرمی　　d۔ خزاں

(ii) کیا مہک رہی ہیں ؟

a۔ پھول　　b۔پتیاں

c۔ روشیں　　d۔ چمن

(iii) گیت کون سنتا ہے ؟

a۔جانور　　b۔ انسان

c۔ پیڑ　　d۔ پھول

(iv) شاخوں کا جھولا کس نے بنالیا ہے ؟ ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(V) چمن میں کس کی خوش بو پھیلی ہوئی ہے ؟ایک جملے میں جواب لکھیے۔

سوال 3۔ درج ذیل درسی نثری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس پر مبنی سوالوں کے جواب لکھیے۔　　5x1=5

مالی خواندگی اس فہم و شعور کا نام ہے جس کے ذریعے انسان اپنے مالی وسائل کو عقل مندی سے استعمال کرتا ہے ۔ اپنے محفوظ مستقبل کے لیے اپنی آمدنی کے ایک حصے کی بچت کرتا ہے اور بہتر سرمایہ کاری سے اس رقم میں اضافہ کرتا رہتا ہے تا کہ دستیاب مالی وسائل اور سہولتوں سے زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل ہو سکے۔ مالی معاملات کا شعور انسان کو نہ صرف انفرادی طور پر خود مختار بناتا ہے بلکہ اس کی اجتماعی فلاح و بہبود کو بھی یقینی بناتا ہے۔ مالی خواندگی خوش حال اور پر اعتماد زندگی کی کنجی ہے جو ہر فرد کو اپنی قسمت سنوارنے کا حوصلہ اور اختیار عطا کرتی ہے۔

(i) مالی خواندگی کس چیز کا نام ہے ؟

(a) دولت جمع کرنے کا　　(b) قرض لینے کا

(c) کاروبار کرنے کا　　(d) وسائل کو عقل مالی مندی سے استعمال کرنے کا

(ii) مالی خواندگی کس زندگی کی کنجی ہے ؟

(a) آرام دہ زندگی　　(b) شاہانہ زندگی

(c) خوش حال اور پر اعتماد زندگی　　(d) مصروف زندگی

(iii) دولت کے ذریعہ انسان کیا کرتا ہے ؟

(a) اسے زمین میں دفن کر دیتا ہے　　(b) اسے جلا دیتا ہے

(c) اپنی ضرورت پوری کرتا ہے　　(d) اسے سب کو دکھاتا ہے

(iv) مالی خواندگی ہر فرد کو کیا سنوارنے کا حوصلہ اور اختیار عطا کرتا ہے؟ ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(v) مالی خواندگی کے ذریعے انسان کیا محفوظ کرتا ہے؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

سوال 4 درج ذیل درسی شعری اقتباس کو غور سے پڑھیے اور اس پر مبنی سوالوں کے جواب لکھیے۔ 5x1=5

رخصت ہوا وہ باپ سے، لے کر خدا کا نام — راہ وفا کی منزل اول ہوئی تمام

منظور تھا جو ماں کی زیارت کا انتظام — دامن سے اشک پوچھ کر، دل سے کیا کلام

اظہار بے کسی سے ستم ہوگا اور بھی

دیکھا ہمیں اداس تو غم ہوگا اور بھی

دل کو سنبھالتا ہوا آخر وہ نونہال — خاموش ماں کے پاس گیا صورت خیال

دیکھا تو ایک در میں بیٹھی وہ خستہ حال — سکتہ سا ہو گیا ہے، یہ ہے شدّت ملال

(i) درج بالا اشعار کس سبق سے لیے گئے ہیں؟

(a) عورت (b) اعتماد

(c) رامائن کا ایک سین (d) آغاز داستاں

(ii) 'دیکھا ہمیں اداس تو غم ہوگا اور بھی' اس مصرع میں شاعر نے کس کے اداس ہونے کی بات کہی ہے؟

(a) بیٹے سے (b) بھائی سے

(c) گھر کے لوگوں سے (d) ماں سے

(iii) شاعر نے درج بالا اشعار میں باپ سے رخصت ہونے کے بعد کس سے زیارت کی بات کہی ہے؟

(a) شری رام (b) شری رام کے بھائی

(c) باپ (d) ماں

(iv) لفظ 'نونہال' کے کیا معنی ہیں؟ ایک لفظ میں جواب لکھیے۔

(v) آخری شعر میں شاعر نے ماں کا کیا حال بیان کیا ہے؟ ایک جملے میں جواب لکھیے۔

## حصّہ (ب) تحریری مہارت

سوال 5۔ درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر 100 سے 150 الفاظ پر مشتمل مضمون لکھیے۔ 8

(i) وقت کی اہمیت (ii) ہندوستانی تہذیب (iii) سفر کی روداد

سوال6۔ کھیل کا سامان ٹوٹنے پر جرمانہ معافی کے لئے پرنسپل صاحب/صاحبہ کے نام درخواست لکھیے۔ 5

یا

اپنی تعلیمی سرگرمیوں کے بارے میں بتاتے ہوئے والد کے نام خط لکھیے۔

سوال7۔ اپنے علاقے کی کسی سماجی شخصیت کا انٹرویو لینے کے لیے 8 سوالات تیار کیجیے۔ 4

یا

26 جنوری کے پروگرام میں کتابوں کی نمائش کا انعقاد کرنے کے لیے 50 الفاظ پر مشتمل نوٹس لکھیے۔

سوال8۔ سبق پنچایت' کا خلاصہ تقریبا 100 الفاظ میں لکھیے۔ 4

یا

غالب کی حالات زندگی پر 100 الفاظ پر مشتمل نوٹ لکھیے۔

سوال9۔ نظم 'اعتماد' میں شاعر اختر الایمان نے کیا پیغام دیا ہے، 100 الفاظ پر مشتمل نوٹ لکھیے۔ 4

یا

نریش کمار شاد کی شاعری کی چند خصوصیات 100 الفاظ میں تحریر کیجیے۔

## حصّہ (ج) عملی قواعد

سوال10۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ 6x1=6

(i) درج ذیل میں سے مونث کی پہچان کیجیے۔

(a) غار (b) پتھر

(c) مجسمہ (d) چٹان

(ii) ' مکتوب ' کا واحد کیا ہے؟

(a) مکتب (b) خط

(c) خطوط (d) درخواست

(iii) ' درج ذیل میں سے لاحقہ کی پہچان کیجیے؟

(a) غیر حاضر (b) خوش بو

(c) ضرورت مند (d) لاجواب

(iv) کسی بامعنی الفاظ سے پہلے لگنے والے حروف یا لفظ کو کیا کہتے ہیں؟

(v) لفظ 'فلاح' کا مترادف کیا ہے؟ یا

'خوش و خرم' دو مترادف الفاظ کو حرف عطف کے ساتھ استعمال کیا گیا ہے۔ مثال کے مطابق ایک حرف عطف لکھیے۔

(vi) لفظ 'ہم عمر' میں سابقے کی نشاندہی کیجیے؟

سوال 11۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ 6x1=6

(i) ذیل میں سے اسم معرفہ کی نشاندہی کیجیے؟

(a) پہاڑ (b) مہاراشٹر

(c) شہر (d) غار

(ii) ذیل میں سے ضمیر کی نشاندہی کیجیے؟

(a) حامد (b) کو

(c) ہم (d) خوشی

(iii) وہ لفظ جس سے کسی اسم کی خصوصیت ظاہر ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

(a) شعر (b) مصرع

(c) فعل (d) صفت

(iv) فعل ماضی کی تعریف بیان کیجیے۔

(v) زمانے کے اعتبار سے فعل کی کتنی اقسام ہیں؟

یا

'بچے کھیل رہے ہیں' میں فعل کی کون سی قسم ہے؟

(vi) اسم نکرہ کی تعریف بیان کیجیے؟

سوال 12۔ مندرجہ ذیل سوالوں کے جواب لکھیے۔ 3+1+2=6

(i) کیا وہ نمرود کی خدائی تھی بندگی میں مرا بھلا نہ ہوا

اس شعر میں کون سی صنعت کا استعمال کیا گیا ہے؟

(a) تلمیح (b) رعایت لفظی

(c) تضاد (d) تشبیہ

(ii) درد منت کش دوا نہ ہوا میں نہ اچھا ہو، برا نہ ہوا

اس شعر میں کون سی صنعت کا استعمال کیا گیا ہے؟

(a) تشبیہ (b) تکرار

(c) تضاد (d) تلمیح

(iii) کلام میں ایسے الفاظ کا لانا جو ایک دوسرے کی ضد ہوں، اسے کیا کہتے ہیں؟

(iv) ایان شیر کی طرح بہادر ہے' اس جملے میں کونسی صنعت کا ذکر کیا گیا ہے؟

یا

صنعت تلمیح کی تعریف مع مثال لکھیے۔

سوال 13۔ درج ذیل محاوروں اور کہاوتوں میں سے صرف چار کو جملوں میں استعمال کیجیے۔ 4x1=4

(i) سبز باغ دکھانا

(ii) آنکھیں پھیر لینا

(iii) جڑ کھودنا

(iv) آسمان سے گرا کھجور میں اٹکا

(v) جیسی کرنی ویسی بھرنی

(vi) اونچی دکان پھیکا پکوان

حصّہ (د) ادب

سوال 14۔ (i) درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب تحریر کیجیے۔ 2+2=4

(i) خالہ نے کیوں کہا: تھانہ کچہری کر نہیں سکتی۔

(ii) خط میں پہلی جنگ آزادی کے بعد کی صورت حال کو کس طرح پیش کیا ہے؟

(iii) غار بنانے والوں کے ہاتھوں مین پتھر بھی موم ہو گیا۔ جملے کی وضاحت کیجیے۔

(iv) بینک میں کتنے قسم کے کھاتے کھلوائے جا سکتے ہیں اور ان کے درمیان کیا فرق ہے؟

(ii) درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب تحریر کیجیے۔ 1+1=2

(i) غالب کے خطوط کے کسی ایک مجموعے کا نام لکھیے۔

(ii) بچت کھاتہ کن لوگوں کے لیے کھولا جاتا ہے؟

(iii) درسی کتاب میں شامل سبق اجنتا اور ایلورا کے مصنّف کا نام کیا ہے؟

(iv) نصاب میں شامل غالبؔ کے خطوط میں غالبؔ نے اپنے کس شاگرد کے نام خط لکھیں ہیں؟

سوال 15۔ (i) درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے جواب تحریر کیجیے۔ 2+2=4

(i) 'تو ہی آیا نظر جدھر دیکھا' اس مصرع میں 'تو' کس کے لیے استعمال ہوا ہے؟

(ii) شاعر کی آنکھ کا چاند تاروں سے بات کرنے سے کیا مراد ہے؟

(iii) ہجر کے ایام میں کس کو مونس قرار دیا گیا ہے؟

(iv) 'ملتے ہیں دست یاس وہ برگ خزاں کی طرح' کا مفہوم اپنی زبان میں لکھیے۔

(ii) درج ذیل میں سے صرف دو سوالوں کے مختصر جواب تحریر کیجیے۔ 1+1=2

(i) میرؔ نے اپنی سوانح حیات کس سے نام لکھی؟

(ii) خواجہ میر دردؔ کیسے شاعر تھے؟

(iii) 'اشک آنکھوں میں کب نہیں آتا' یہ مصرعہ کس شاعر کی غزل سے لیا گیا ہے؟

(iv) نریش کمار شاد کا تخلص کیا ہے؟

سوال16۔ درج ذیل سوالوں کے مختصر جواب تحریر کیجیے۔ 3x1=3

(i) افسانہ کے باقاعدہ آغاز کس صدی میں ہوا؟

(a) اٹھارہویں صدی (b) انیسویں صدی

(c) بیسویں صدی (d) اکیسویں صدی

(ii) غزل کا آخری شعر جس میں عام طور پر شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے اسے کیا کہتے ہیں؟

(a) مطلع (b) بیت الغزل

(c) شاہ بیت (d) مقطع

(iii) وہ نظم جس میں بحر کے استعمال اور قافیوں کی ترتیب میں مقررہ اصولوں کی پابندی کی گئی ہو اسے کیا کہتے ہیں؟

(a) نظم معرا (b) آزاد نظم

(c) نثری نظم (d) پابند نظم